فروری
2013

# ہم خاندان میں بھی میں پیار کرنے میں پہل کرتے ہیں

''ہم تو جانتے ہیں کہ ہم موت سے چھوٹ کر زندگی میں داخل ہو گئے ہیں کیونکہ ہم بھائیوں سے محبت رکھتے ہیں'' (1۔یوحنّا 14:3)





پہلے مسیحی اکثر یسوع کو یاد کرتے تھے کیونکہ اُس نے سب کے لئے جان دی تھی۔

وہ کہتے تھے: ''ہم بھی بھائیوں کے لئے اپنی جان دینا چاہتے ہیں۔''

مثلاً اگر ایک امیر شخص کسی غریب کو دیکھے اور اُس کی مدد کئے بغیر آگے نِکل جائے تو اُس کے اندر محبت کیسے ہو سکتی ہے؟ مگر پہلے مسیحی عملی طور پر پیار کرتے تھے (1۔یوحنّا 4:3)۔

اس لئے ہم جین فور بچّے بھی عملی طریقے سے پیار کرنا چاہتے ہیں اور اپنے خاندان میں شروع کرتے ہیں۔



چلی کے مُلک سے مگدلین اپنی پہلی جین فور میٹنگ کے لئے جانے کے لئے تیار ہے اور وہ بہت خُوش ہے۔لیکن اُس کی امی کی طبیعت خراب ہے،اس لئے امی اُسے کہتی ہیں: ''معلوم نہیں کہ میں آپ کو میٹنگ میں چھوڑنے جا سکتی ہوں یا نہیں''۔



مگدلین کُچھ وقت خاموش رہتی ہے پھر کہتی ہے: ''امّی آپ فِکر نہ کریں، آرام کریں اور میں چھوٹی بہن برنار دیتا کو سنبھالتی ہوں۔''



پھر وہ اپنی امّی سے پُوچھتی ہے: 'کہ کیا آپ کی طبیعت بہتر ہے کیا آپ مُجھے میٹنگ کے لئے چھوڑنے جا سکیں گی؟'۔امی نے جواب دیا: 'اب تک میں ٹھیک نہیں ہوں اس لئے معلوم نہیں کہ میں آپ کو میٹنگ میں لے کر جا سکُوں گی یا نہیں'۔ مگدلین نے فوراً جواب دیا: ''پھر آپ فِکر نہ کریں۔''